© rasailojaraid.com



# دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال ۳۷-۱۴۳۶ء بمطابق ۱۶-۲۰۱۵ء کے داخلوں کا شیڈول

## درس نظامی

| درجات | ایام | تاریخ |
| --- | --- | --- |
| تمام درجات کے قدیم طلباء (اعدادیہ تا دورہ حدیث) | جمعرات | ۱۳ شوال ۱۴۳۶ھ بمطابق ۳۰ جولائی ۲۰۱۵ء |
| جدید دورہ حدیث شریف | ہفتہ | ۱۵ شوال ۱۴۳۶ھ بمطابق یکم اگست ۲۰۱۵ء |
| جدید دورہ حدیث شریف | اتوار | ۱۶ شوال ۱۴۳۶ھ بمطابق ۲/اگست ۲۰۱۵ء |
| اعدادیہ، متوسطہ، اولیٰ، ثانیہ، دورہ حدیث شریف | پیر | ۱۷ شوال ۱۴۳۶ھ بمطابق ۳/اگست ۲۰۱۵ء |
| ثالثہ، رابعہ، خامسہ، دورہ حدیث | منگل | ۱۸ شوال ۱۴۳۶ھ بمطابق ۴/اگست ۲۰۱۵ء |
| تکمیل، سادسہ | بدھ | ۱۹ شوال ۱۴۳۶ھ بمطابق ۵/اگست ۲۰۱۵ء افتتاح |
| موقوف علیہ | جمعرات | ۲۰ شوال ۱۴۳۶ھ بمطابق ۱۶/اگست ۲۰۱۵ء |

## شعبہ حفظ

درجہ حفظ میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کی درخواستیں ۱۵ رمضان بمطابق ۱۳ جولائی سے ۱۶/شوال بمطابق ۲ اگست تک دفتر اہتمام میں جمع کی جائیں گی۔ حفظ کے خواہشمند طلباء کا ٹیسٹ اور انٹرویو وغیرہ ۱۶-۱۷ شوال بمطابق ۲-۳ اگست بروز اتوار۔ پیر صبح 9:00 کو دارالعلوم حقانیہ میں ہوگا (امسال شعبہ حفظ کا داخلہ دارالعلوم حقانیہ کی تعلیمی کمیٹی اور دارالحفظ کے اساتذہ کی مشترکہ نگرانی میں ہوگا)۔ صرف وہ امیدوار درخواست دیں جو قرآن ناظرہ سے پڑھ چکے ہوں۔ عمر ۱۳ سال سے متجاوز نہ ہو۔ دو پارے پہلے سے یاد کرنے والوں کو ترجیح دی جائیگی۔

## درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کیلئے داخلہ درخواست ۱۷ شوال بمطابق ۳ اگست بروز پیر تک دفتر اہتمام میں جمع کرائی جائیں گی اور انٹری ٹیسٹ ۱۷ شوال بمطابق ۳ اگست بروز پیر صبح 9:00 بجے ہوگا۔

**نوٹ: ۱** تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کا دورانیہ 2 سال ہوگا۔ **نوٹ: ۲** امسال درجہ اعدادیہ سے لیکر بشمول درجہ سادسہ اسباق اردو میں بھی پڑھائے جائیں گے۔ لہذا اردو زبان سمجھنے والے طلباء کرام داخلہ لے سکتے ہیں۔ درجہ متوسطہ میں وہ طلباء داخلہ لینگے جو کہ ساتویں جماعت پاس ہو **نوٹ: ۳** داخلہ کے خواہشمند طلباء کیلئے نادرا شناختی کارڈ کا ہونا لازمی ہے اور جو امیدواران نابالغ ہیں وہ اپنے والد صاحب کا نادرا شناختی کارڈ ضرور لائیں اور ساتھ تین عدد پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر بھی ضروری ہیں **نوٹ: ٤** **امسال** دارالعلوم حقانیہ میں شعبہ تجوید کا الگ شعبہ ہوگا جسمیں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب کے مطابق حفاظ کیلئے دو سالہ کورس اور علماء کرام کیلئے یک سالہ کورس پڑھایا جائیگا **نوٹ: ٥** ہر درجہ میں داخلہ کیلئے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تحتانی درجات کے اصلی سندات کا برائے معائنہ دکھانا لازمی ہے۔ اور ساتھ ان ہی اسناد کے دو عدد فوٹو سٹیٹ بھی لانا ضروری ہے **نوٹ: ٦** تمام قدیم طلباء کرام کا داخلہ رجسٹریشن کارڈ پر ہوگا لہذا قدیم طلباء کرام اپنے ساتھ رجسٹریشن کارڈ ضرور لائیں **نوٹ: ٧** جو غیر ملکی طلباء کرام جامعہ میں داخلہ کے خواہش مند ہوں وہ پاکستانی ویزہ اور دیگر ضروری دستاویزات اپنے ساتھ ضرور لائیں

دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز ان شاء اللہ ۱۹ شوال بمطابق ۵ اگست بروز بدھ ہوگا۔

© rasailojaraid.com